شعبۂ امور عامہ، سفارتخانہ امریکہ، نئی دہلی

پریس ریلیز

امریکن ایمبیسی، شانتی پتھ، چانکیہ پوری، نئی دہلی۔۱۱۰۰۲۱ فون: ۲۴۱۹۸۰۰۰(۹۱۔۱۱) ایکسٹنشن: ۸۸۲۲
فیکس: ۲۴۱۹۸۸۱۷(۹۱۔۱۱) انٹرنیٹ: http://newdelhi.usembassy.gov

دہشت گردوں کو رقوم کی فراہمی روکنے کے لئے علاقائی کانفرنس

نئی دلی،14 اپریل 2009: جنوب ایشیائی ممالک، یوروپی یونین اور امریکہ کے سرکاری حکام اس ہفتہ نئی دلی میں منعقد ہونے والی ایک کانفرنس میں شرکت کریں گے جس کا مقصد دہشت گردوں کو رقوم کی فراہمی سے روکنا ہے جسے وہ خیراتی سیکٹر کا ناجائز استعمال کر کے حاصل کرتے ہیں۔ امریکی سفارتخانہ اور ایشیا بحرالکاہل گروپ برائے انسداد منی لانڈرنگ کے زیر اہتمام منعقد ہونے والی یہ کانفرنس دہشت گرد تنظیموں کے ذریعہ رقوم کو غیر قانونی طریقہ سے دنیا بھر میں ایک مقام سے دوسرے مقام تک پہنچانے کے لئے انسانی اور مذہبی بنیادوں پر قائم خیراتی اداروں کا استحصال روکنے کے حوالہ سے کئے جانے والے سرکاری اقدامات کو مضبوط کرے گی۔

خیراتی ادارے دنیا بھر میں ضرورتمند لوگوں کو خدمات اور سہولیات فراہم کرنے کے علاوہ ان میں ایک امید جگاتے ہیں۔ تاہم بین الاقوامی تجربہ سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ دہشت گرد رقوم کی اگاہی اور انکی منتقلی کے لئے خیراتی سیکٹر کا استحصال کرتے ہیں تاکہ وہ اپنی تنظیمیں اور کارروائیاں چلا سکیں۔ بین الاقوامی برادری نے یہ ادراک کرلیا ہے کہ دہشت گردی کے سدباب اور خیراتی اداروں کے تقدس میں عطیہ دہندگان کا بھروسہ قائم رکھنے کیلئے خیراتی سیکٹر کو بچانا ضروری ہے۔

کانفرنس کے دوران ایشیا بحرالکاہل گروپ برائے انسداد منی لانڈرنگ کے تکنیکی ماہرین خیراتی سیکٹر کو اس علاقائی اور عالمی خطرہ سے بچانے کے لئے بہترین عملی طریقوں اور متبادلات سے آگاہ کریں گے۔

(پ۔ر/۱۴ اپریل ۲۰۰۹)

☆☆☆